www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

(۷)

نام کتاب :۔ روح سعید   مؤلف : محمد سعید رمضان البوطی
مترجم :۔ مولانا محمد حنیف خلف الرشید مولانا محمد چراغ مدظلہ،
صفحات : ۷۸   قیمت :۔ -/۲ روپے
طباعت : عمدہ   ملنے کا پتہ :۔ مکتبہ چراغ اسلام، بیرون کھیالی دروازہ ۔ گوجرانوالہ

ترکی کا مصطفیٰ کمال، ہند کا جلال الدین اکبر تھا۔ اس کی وجہ سے دینی لحاظ سے ترکی کا جو حال رہا وہ ایک آنار دہ داستان ہے ـــــ اس کے فتنوں اور جاہلی نعروں کی بدولت "مسلم ترکی" کو پہچاننا دشوار ہو گیا تھا ـــــ اس عہد میں ایک "سادہ دل بندہ" حضرت علامہ بدیع الزمان نورسیؒ ترکی اٹھا اور فراعنہ وقت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کلمۂ حق" بلند کیا۔ پھر اس جرم حق کی پاداش میں "عذاب و عتاب" کے جتنے اور جیسے کچھ پہاڑ سر پر گرے، ایک "مرد مجاہد" کی طرح چوم کر ان کو آنکھوں پر رکھا۔

زیر تبصرہ کتاب میں اسی "بندۂ مومن اور مرد مجاہد" کا تعارف اور تذکارہ ہے، جس کے مطالعہ کے وقت یوں معلوم ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ کی طرف سے بارانِ رحمت کا نزول ہو رہا ہے۔ یہ کتاب ڈاکٹر محمد سعید رمضان کی تالیف ہے جو رابطۂ عالم اسلامی کی مجلس تاسیس کے اہم رکن اور رابطہ کے گشتی سفیر بھی رہے ہیں۔

اس کا ترجمہ ہمارے عزیز فاضل نوجوان مولانا محمد حنیف صاحب نے کیا ہے جو ترجمہ کے بجائے اصل معلوم ہوتا ہے، زبان شستہ اور رواں ہے۔ فاضل موصوف اس سے پہلے حضرت حسن البنار شہید رحمۃ اللہ علیہ (ف ۱۹۴۹ء) کی ایک کتاب کا بھی ترجمہ پیش کر چکے ہیں، جس کا نام "تعلیمات حسن البنار شہید" ہے۔ ترجمہ کے علاوہ ان کا ذوق انتخاب بھی قابلِ رشک ہے۔ ہمارے نزدیک یہ دونوں کتابچے اہم اور قابل مطالعہ ہیں۔

اس کتاب کے مطالعہ سے "حق دہائش" کے مابین دیرینہ آویزش کے دلچسپ نمونے مل جاتے ہیں، جو دورِ حاضر کے داعیانِ حق کے لیے مشعلِ راہ بن سکتے ہیں، اس رسالہ کا مطالعہ ان "علماء" کے لیے بالخصوص مفید رہے گا جن پر شاہانِ وقت کے درباری بننے کا خبط سوار ہو گیا ہے یا ہو رہا ہے۔

مترجم کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ "پیش لفظ" میں کتاب، مصنف اور اس کے پس منظر کے سلسلے کی ضروری معلومات بھی مہیا فرمائیے، ورنہ ساری کتاب پڑھ جانے کے باوجود قاری کو تشنگی محسوس ہوتی رہتی ہے جیسا کہ یہاں ہو رہی ہے۔ بلکہ کتاب میں بعض مقامات ایسے بھی آجاتے ہیں جن کی وضاحت کیے بغیر

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ